# شہری سرگرمیوں میں شراکت

# PARTICIPACIÓ CIUTADANA

## قومی تہوار۔اجتماعی شرکت کا بہترین ذریعہ

## LA FESTA, MANIFESTACIÓ COL·LECTIVA DE PARTICIPACIÓ

اجتماعی طور پر کسی بھی معاشرے کی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کا بہترین ذریعہ اس کے پاپولر اور ثقافتی تہوار ہیں ۔جس میں کسی بھی طبقہ فکر مذہب ۔فرقہ ۔عمر سے تعلق رکھنے والے افراد بلا جھجک شامل ہو سکتے ہیں ۔کتلونیا کے قومی و ثقافتی تہوار مختلف انداز کے ہیں ۔اس کے ساتھ ساتھ مختلف علاقے اور قصبہ جات کے اپنے مخصوص تہوار ہوتے ہیں ۔ہم آپ کو ان صفحات میں ان میں کچھ تہواروں کے بارے میں بتائیں گے

## جشن بہاراں۔کارنیوال

## EL CARNESTOLTES

ایسٹر (Pasqua) سے چالیس دن پہلے عیسائی مذہب کے چالیس روزوں (Quaresma) سے پہلے یہ تہوار' کارنے ستولیتز' Carnestoltes منایا جاتا ہے جسے کارنیوال بھی کہتے ہیں یہ ہمیشہ فروری کے مہینے میں منایا جاتا ہے اس کی تاریخوں کا تعین چاند کے حساب سے کیا جاتا ہے۔

اس کا آغاز ہمیشہ جمعرات کے دن سے ہوتا ہے جسے جمعرات لاردیرو (dijous gras) کہا جاتا ہے ۔اس دن کو روایتی طور پر انڈے اور سور کے گوشت، چربی یا خون سے تیار ہونے والی اشیا کھائی جاتی ہیں جیسے سور کی سلامی والا آملیٹ اور لاردون کا کیک(coca de llardons) شامل ہیں

' کارنے ستولیتز' rei Carnestoltes کا بادشاہ اس تہوار کے آغاز کا اعلان کرتا ہے ۔جمعرات لاردون(dijous gras) کے بعد ہفتہ اور اتوار کے دن بھی تہوار جاری رہتا ہے ۔اس میں نوجوان ایک گڑیا لے کر آتے ہیں یا کوئی بھی شخص مخصوص لباس پہنتا ہے ۔اس تہوار کے آغاز میں مقدس انداز میں ایک تحریر پڑھی جاتی ہے جسے پریگون(pregó) کہا جاتا ہے جس کا مقصد لوگوں کو تہوار میں شرکت کی باقاعدہ دعوت دینا ہوتا ہے ۔ہر قصبہ کی روایت کے مطابق بادشاہ کارنے ستولیتے کے مختلف نام رکھے جاتے ہیں

اس تہوار کے اختتام یعنی ہفتہ کے روز مختلف لباس(disfressa) پہن کر شرکت کی جاتی ہے اور بعض اوقات کچھ لوگ یک جیسا لباس(comparses) بھی تیار کرواتے ہیں

مختلف علاقوں میں گلیوں میں مختلف سرگرمیاں ہوتی ہیں جن میں موٹر گاڑیوں یا بگھیوں (rues i cavalcades) کے جلوس شامل ہوتے ہیں اس کے علاوہ بعض روایتی یا قدیم گاڑیاں (carrosses o comparses) بھی شامل ہوتی ہیں ۔جن کو بہت قرینے سے سجایا گیا ہوتا ہے ۔اکثر اوقات ان ڈیکوریشن والی بگھیوں اور گاڑیوں کیلئے انعامات بھی رکھے جاتے ہیں ۔اس تہوار کی خوبی یہ ہے کہ اس میں مختلف طبقہ فکر کے لوگ شامل ہوتے ہیں جن میں سماجی و کاروباری حلقے شامل ہیں ۔جسے اہل محلّہ کی تنظیم یا انجمن تاجران یا نوجوانوں کی تنظیمیں وغیرہ

اس کے بعد آنے والا بدھ کا دن' راکھ والا بدھ'(dimecres de cendra) کہلاتا ہے اور اسے کارنیوال(Carnaval) کے تہوار کا اختتام اور چالیس روزوں کا (Quaresma) پہلا دن بھی کہا جاتا ہے اس دن کی اہم تقریب چھوٹی مچھلی کی تدفین(enterrament de la sardina) ہوتی ہے ۔مختلف علاقوں اور قصبہ

جات کے حوالے سے اس تقریب کو منانے کے ایک ہزار ایک انداز ہیں۔ جیسے چھوٹی مچھلی کی تدفین سے لیکر کسی گڑیا کو جلانا وغیرہ۔ اس تہوار کا اختتام مقدس انداز میں ہوتا ہے جس میں شریک ہر شخص اس چیز کو جلاتا ہے جو اسے پسند نہیں۔ یہ تقریب اس بات کی علامت ہے کہ تہوار کے دن ختم ہوئے اور اب روزے رکھنا ہوں گے

## سانت جوردی کا تہوار

## DIADA DE SANT JORDI

ہر سال 23 اپریل کو کتلونیا کے پیٹرن یا سرپرست کا دن سانت جوردی Diada de Sant Jordi منایا جاتا ہے۔

دنیا بھر میں سانت جوردی کی کہانی مختلف انداز میں بیان کی جاتی ہے۔ کتلان روایات کے مطابق ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک جھیل کے کنارے ایک خونی ڈریگن ہوتا تھا جسے ہر روز ایک خوبصورت دوشیزہ کی بھینٹ چڑھانا پڑتی تھی۔ روایات کے مطابق اس کہانی کا ہیرو سانت جوردی اس کہانی کی برائی ڈریگن کا خاتمہ کرتا ہے اور اس کے چنگل سے بھینٹ چڑھنے والی دوشیزہ کو بچا لیتا ہے۔ اس ڈریگن کے خون سے ایک سرخ گلاب کے پھولوں کا باغ پیدا ہوتا ہے۔

اس حوالے سے سانت جوردی Diada de Sant Jordi پھولوں اور کتابوں کا تہوار ہے جس دن تمام بازاروں میں کتابوں اور پھولوں (roses i llibres) کے سٹال لگائے جاتے ہیں۔ گلاب کا پھول محبت کی علامت اور کتاب علم و ثقافت کی علامت ہے۔ یہ ایک خوشی کا دن ہے جو آپ کو گھوم پھر کا پورے شہر کا نظارہ کرنے کی دعوت دیتا ہے

روایتی طور پر اس میں مرد حضرات خواتین کو پھول پیش کرتے ہیں اور خواتین مردوں کو کتاب تحفہ میں دیتی ہیں

کتلونیا نے دنیا بھر میں کتابوں اور پھولوں کے تہوار کو متعارف کروایا ہے 1995 میں عالمی ادارے یونیسکو نے اس دن کو کتابوں کا عالمی دن منانے کا اعلان کیا اور اسی دن کو لکھنے والوں کے حقوق کے دن کے طور پر بھی مناتے ہیں

## انسانی جسموں کے مینار

## ELS CASTELLERS

دوسرا کتلان پاپولر روایتی تہوار انسانی جسموں کے مینار یا قلعہ کہلاتا ہے، جو درحقیقت تاراگونا کا دیہاتی تہوار ہے جو پورے کتلان علاقے کی پہچان بن گیا ہے۔ انسانی جسموں کے مینار یا قلعے اور اس میں شمولیت کرنے والے افراد castellers بہتر اور اونچا مینار بنانے کا مقابلہ کرتے ہیں

روایتی طور پر انسانی جسموں کے مینار (colles castelleres) سماجی اتصال اور مل بیٹھنے کیلئے بہترین ذریعہ ثابت ہوئے ہیں کیونکہ ان میں ہر قسم کے مرد و خواتین موٹے دبلے اونچے پستہ قد مضبوط جسم والے کم وزن والے افراد کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس میں صرف ایک ہی قدر مشترک ہوتی ہے وہ ہے بہتر اور اونچا مینار تعمیر کرنے کی لگن۔ اس میں کوئی بھی کامیابی سب کی کامیابی گردانی جاتی ہے۔ انسانی مینار انفرادی اور 9 منزلہ اور پانچ سے نومنزلہ تک کے اونچے مینار بھی ہوتے ہیں۔

انسانی میناروں کی مرکب تکنیک ہوتی ہے کہ اس میں ناتجربہ کار افراد مل کر رضاکارانہ طور پر اس سرگرمی کا آغاز کرتے ہیں اور اس کا مخصوص نام کستائیر ہے۔

ہر کستائیر کا اپنا مخصوص نام اس کے منزلوں اور ہر منزل پر موجود افراد کے حوالے سے رکھا جاتا ہے۔ جیسے چار کا آٹھ مینار (castell 4 de 8) اس کا مطلب ہے کہ ہر منزل میں چار افراد ہیں اور اس کی اونچائی آٹھ منزلہ ہے۔ اس کے علاوہ ایک فرد والے کستائیر بھی ہوتے ہیں انہیں ستون (pilars) کہا جاتا ہے۔

کسی بھی کستا ئیر یا مینار کو لوڈ کر کے اٹھا نے کیلئے (carregar) ایک بڑے گروپ (pinya) کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ ان افراد کا مقصد کسی بھی کستا ئیر میں شریک نوجوان کے اونچائی سے گرنے پر ان افراد کو جم غفیر گدے کا کام دیتا ہے اور گرنے والے کو شدید چوٹ نہیں لگتی۔ وہ افراد جو عام طور پر کستا ئیر کے تماشائی (demostracions castelleres) کے طور پر جاتے ہیں وہ بھی اکثر اوقات اس کے گروپ میں شامل ہو جاتے ہیں۔

کستا ئیر یعنی مینار کی سب سے اوپر والی منزل میں جو بچی یا بچہ پہنچتے ہیں انہیں این چاینتہ enxaneta کہا جاتا ہے اور جب وہ اپنے ایک ہاتھ سے سلام کرتا ہے تو اسے پنکھ ہلانا (fa l'aleta) بھی کہتے ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ کستا ئیر یا مینار کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گیا۔ کسی بھی کستا ئیر کو لوڈ (carregar) کرنا اور پھر اسے خالی کرنا یا کستا ئیر کو ختم کرنا (descarregar) دونوں کی اہمیت ایک جیسی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ کوئی بھی گرنے نہ پائے۔ اگر کستا ئیر گر جائے تو اسے کہتے ہیں کہ وہ بکھر (fa llenya) گیا

## دیو ہیکل مجسمے یا بڑے سروں والے مجسمے

## ELS GEGANTS I ELS CAPGROSSOS

دیو ہیکل مجسمہ (gegants) اور خونخوار بلاؤں کا مقصد دنیا بھر کی ثقافت صرف ایک ہی ہے یعنی ہمارے گردونوح میں پائی جانے والی ان باتوں کی وضاحت کرنا جس کو ہم بیان نہیں کر سکتے۔ موجودہ دور میں دیو ہیکل مجسمے کسی بھی معاشرے کی پہچان بن گئے ہیں اور ہمارے قومی و پاپولر تہواروں میں ذریعہ اظہار کا ایک انداز بن گئے ہیں

سب سے بڑا دیو ہیکل مجسمہ ہماری تاریخ اور ماضی یا علاقائی اطوار پر ایک لمبے چوڑے پیمائش کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے۔ بہت سے علاقوں میں ہر آبادی نے اپنے مخصوص دیو ہیکل جوڑے بنا رکھے ہیں جنہیں دیو ہیکل مذکر و مونث (el gegant i la geganta) کہا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ بہت سی تنظیموں نے بھی اپنے دیو ہیکل مجسمے بنا رکھے ہیں

عام طور پر دیو ہیکل مجسمے گتے اور لکڑی سے بنائے جاتے ہیں اور ان پر کسی بھی تنظیم یا کارپوریشن کے نشانات بنائے جاتے ہیں۔ دیو ہیکل جوڑوں میں بادشاہ اور ملکہ۔ عرب بادشاہ اور اس کی عیسائی ملکہ جانشین شہزادہ اور اس کی شہزادی وغیرہ عام طور پر بنائے جاتے ہیں۔ ان تمام کیلئے ایک ہی مخصوص نام (colles geganteres) ہے ان کے پیچھے پیچھے بڑے سروں والے (capgrossos) ہوتے ہیں یہ سب کسی بھی علاقے کے بڑے تہوار (festa major) میں ہونے والی نمائش یا شو cercaviles کے دوران نکالے جاتے ہیں یا جب بڑے بڑے دیو ہیکل مجسمہ کا اجتماع (trobades de gegants) ہوتا ہے۔

بڑے سروں والوں (capgrossos) کا بہت بڑا سر ہوتا ہے جس کے اندر کوئی بھی شخص چھپا ہوتا ہے جو ان کے منہ میں کئے گئے دو سوراخوں میں سے دیکھ سکتا ہے جس کی وجہ سے یہ مضحکہ خیز دکھائی دیتے ہیں۔ یہ عام طور پر مشہور شخصیات کی نمائندگی کرتے ہیں اور مزاحیہ کردار کے طور پر پیش کئے جاتے ہیں

## آتشبازی۔ شیطان اور خونی بلائیں

## CORREFOC, DIABLES I BESTIARI

آتشبازی ہمیشہ سے ہی کسی بھی تہوار کا لازمی جزو گردانی گئی ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ اس کی اہمیت میں اضافہ ہوتا چلا گیا ہے۔ شیطان کی آمد میں بھی آگ کو اہمیت حاصل رہی اور اسے کسی بھی معاشرے میں اجتماعی تہوار کی اہمیت رہی۔

شیطان (diables) نوجوانوں پر مشتمل مجسمے ہیں جو مخصوص قسم کے لباس پہنے ہوئے ہوتے ہیں اور ان کے پاس پٹاخے (petards) ہوتے ہیں۔ شیطانی رقص (balls de diables) میں شیطان گھوم گھوم کر ناچتے ہیں اور تماشائیوں کو اس بات کی ترغیب دیتے ہیں کہ وہ بھی ان کا ساتھ دیں۔

خونی بلائیں (bestiari) ایک قسم کی تصوراتی بلاؤں کا مجموعہ کی نمائندگی کرتی ہیں۔ ان میں سے چند کا تعلق متعلقہ قصبے سے ہوتا ہے جو اجتماعی بلا کے طور پر جانی جاتی

ہے۔ ڈریگن (drac) ایک جانی پہچانی تصوراتی بلا کا نام ہے مگر اس کے ساتھ ساتھ اڑنے والی بلاؤں کی نمائندگی عقاب (àliga) کرتا ہے جبکہ گدھی (mula)۔ بیل (bou) اور ڈریگن کی مادہ vibria بھی اس تہوار میں شامل ہوتی ہے۔

ان تمام بلاؤں کی نمائش کو آتشبازی correfoc کا نام دیا جاتا ہے جو اکثر بڑے تہواروں (festes majors) کا لازمی حصہ سمجھی جاتی ہے۔ آتشبازی عام طور پر رات کے وقت کی جاتی ہے اور شیطانی اور خونی بلائیں اپنے ساتھ بہت سے پٹاخے لئے ہوتی ہیں

## بڑا تہوار

## LA FESTA MAJOR

کتلونیا کے تمام چھوٹے بڑے علاقوں میں بزرگان یا سرپرستوں کے حوالے سے بڑے تہوار (festa major) منائے جاتے ہیں۔ علاقائی تہوار (festa major) اجتماعی جذبات کے اظہار کا سب سے بڑا ذریعہ ہیں۔ اس میں دیوہیکل مجسمے (esbarts dansaires)۔ بڑے سروں والے مزاحیہ مجسمے (cercaviles de gegants i capgrossos) آتشبازی (correfocs)۔ کستایر (castellers) انسانی جسموں کے مینار۔ کے علاوہ اس میں بہت سی سرگرمیاں ہوتی ہیں جن میں علاقائی رقص ساردانا (ballades de sardanes)۔ میوزیکل گروپوں کے مختلف شو۔ مصنوعی آتشبازی سے تیار کردہ قلعے (castells de focs artificials)۔ مختلف قسم کے کھانے وغیرہ شامل ہوتے ہیں

ساردانا sardana کتلونیا کا سب سے مقبول علاقائی رقص ہے جو اب اس کی پہچان بن چکا ہے۔ یہ ایک دائرہ میں ہاتھوں سے ہاتھ ملا کر کیا جاتا ہے اس کیلئے ضروری ہے کہ اس میں مخلوط جوڑے بنیں۔ جس کا مقصد ہے کہ تمام لوگ اس میں شامل ہوسکیں چاہے رقص کا آغاز ہو چکا ہو۔ اس رقص میں کچھ چھوٹے قدموں (passos curts) اور کچھ بڑے قدموں (passos llargs) کی ترتیب ہوتی ہے جن کو بار بار دہرایا جاتا ہے۔ ساردانا نے علاقوں میں ساردانا گروپوں (colles sardanistes) کی تشکیل کو فروغ دیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مخصوص قسم کا میوزک جسے 'کوبلا' cobla کہتے ہیں بجایا جاتا ہے

## سانت خوان کا تہوار

## LA REVETLLA DE SANT JOAN

موسم گرما کے گرم ترین دن 23 جون کی شب کو سانت خوان کی رات کہا جاتا ہے سانت خوان کا تہوار اسی رات کو منایا جاتا ہے۔ یہ ایک بلاترتیب تہوار ہے جو گلیوں (revetlla) میں منایا جاتا ہے۔ جس میں پرانے لکڑیوں (fogueres) یا ناقابل استعمال فرنیچر کو آگ لگا کر اور مختلف پٹاخے (petards) اور آتشبازی (focs artificials) کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ اس تہوار میں لکڑیوں کو جلانا اور سانت خوان کا خاص کیک (coca de Sant Joan) کھانا جو عام طور پر چلغوزوں اور کریم (llardons) سے بنایا جاتا ہے۔

## کتلونیا میں کرسمس کا تہوار

## EL NADAL A CATALUNYA

کتلونیا میں کرسمس (Nadal) کا تہوار 6 دسمبر سے شروع ہوکر مشرق کے جادوئی وعقلمند بادشاہوں (Reis Mags de l'Orient) کے تہوار 6 جنوری تک جاری رہتا ہے جو بچوں کیلئے بہت سے تحائف لے کر آتے ہیں۔ ان تصوراتی بادشاہوں کے استقبال کیلئے بہت بڑی تقاریب کا اہتمام کیا جاتا ہے جسے کبالگاتا (cavalcades) کہا جاتا ہے

کرسمس کے دوران تمام چھوٹے بڑے شہروں میں لائٹنگ کرنا کتلان روایت ہے اور اس میں خاندان کے تمام چھوٹے بڑے افراد کو تحائف دیئے جاتے ہیں۔ اس موقع پر بہت سے میلے لگائے جاتے ہیں جہاں تحائف سے متعلقہ اشیا فروخت ہوتی ہیں۔ جیسے سانتا لوسیا **(fira de Santa Llúcia)** کا میلہ یا مرغ کا میلہ یا درختوں کا میلہ وغیرہ

کرسمس کے موقع پر میوزک شو وغیرہ بھی ہوتے ہیں اس کے علاوہ حضرت یسوع مسیح کی شبیہ کے ساتھ روایتی پہاڑیاں **(pessebres)** بھی بنائی جاتی ہیں جس میں پاخانہ کرنے والے **caganer** کا مجسمہ بھی روایت بن گیا ہے۔ اس کے علاوہ چچا **tió** کا کھیل مخصوص کتلان روایت ہے جس میں بچے ایک سوکھے ہوئے لکڑی کے کھوکھلے تنے میں کھلونے ٹافیاں وغیرہ ڈال کر اسے چھڑی سے پیٹتے ہیں اور اسے کہتے ہیں کہ وہ اگلے caga تاکہ جس کے حصے میں وہ کھلونا یا ٹافی آئے وہ اسی کا ہوا

نئے سال کی رات **(Cap d'Any)** بھی کرسمس کے مذہبی تہوار کا حصہ بن چکا ہے۔ یہ ایک ایسا تہوار ہے جس میں نئے سال کو خوش آمدید کہنے کیلئے منایا جاتا ہے اور اس کی مخصوص روایات ہیں۔ جیسے نتھنوں والا آدمی **home dels nassos** اور رات کے بارہ بجے جو نئے سال کی آمد کا اعلان ہوتا ہے گھڑیال کے ہر گھنٹے کی آواز کے ساتھ بارہ انگور **(12 grans de raïm)** کے دانے کھانا وغیرہ